HM Revenue
& Customs

ٹیکس جانچ کے حوالے سے حقائق

کیا تبدیل ہورہا ہے

4اپریل 2022 سے، جانچ پڑتال کے اُس عمل میں مزید کچھ اضافہ کیا جائے گا جو لائسنس جاری کرنے والے اداروں کی طرف سے پہلے ہی نافذ ہے۔ آپ کو HM Revenue and Customs (HMRC) کے ساتھ ٹیکس جانچ کا عمل اُس وقت مکمل کرنا ہوگا جب آپ اپنے لائسنس کی تجدید درج ذیل پر کرتے ہیں:

- ٹیکسیاں یا کرایہ پر لی گئی نجی گاڑیاں چلائیں
- کرایہ پر لی جانے والی نجی گاڑیوں کا کاروبار چلائیں
- دھاتی ردی کا کاروبار کریں۔

تبدیلیوں کا اطلاق صرف انگلینڈ اور ویلز میں ہوگا۔

یہ تبدیلیاں آپ پر کس طرح اثر انداز ہوسکتی ہیں

آپ کو کیا کرنا ہے اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آیا آپ لائسنس کے لیے پہلی بار درخواست دے رہے ہیں یا دوسری بار یعنی لائسنس کی تجدید کےلیے۔

نئے لائسنس کا حصول: اگر آپ لائسنس کے لیے پہلی بار درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو ٹیکس کی جانچ پڑتال کا عمل مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ تاہم، لائسنس جاری کرنے والے ادارے آپ کو HMRC کی رہنما ہدایات پڑھنے کا کہیں گے جو اس بارے میں ہوں گی کہ آپ مستقبل میں ٹیکس کے لیے کس طرح رجسٹر ہوسکتے ہیں اور مزید یہ کہ آپ کو رجسٹر ہونے کی تصدیق بھی کرنی ہوگی۔

لائسنس کی تجدید کرنا: 4اپریل 2022 سے، اگرآپ لائسنس کی تجدید کراتے ہیں یا لائسنس جاری کرنے والے کسی دوسرے ادارے کو درخواست دیتے ہیں تو آپ کو ٹیکس کی جانچ پڑتال کا عمل مکمل کرنا ہوگا۔ آپ ایک آن لائن ڈیجیٹل سروس کے ذریعے ایسا کرسکتے ہیں۔

ٹیکس کی جانچ پڑتال سے متعلق

ٹیکس کی جانچ پڑتال کا عمل آپ GOV.UK پر مکمل کرسکتے ہیں، اور اس کے لیے آپ کو گورنمنٹ گیٹ وے اکاؤنٹ استعمال کرنا ہوگا۔ آپ کو محض یہ کرنا ہے کہ HMRC کے چند سوالات کے جوابات دینے ہوں گے جو اس بارے میں ہوں گے کہ آپ اپنے رجسٹر کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدنی کا ٹیکس کس طرح ادا کرتے ہیں۔ اگر آپ کا گورنمنٹ گیٹ وے اکاؤنٹ نہیں ہے تو آپ GOV.UK پر سائن آپ ہو سکتے ہیں۔

ٹیکس جانچ کے عمل میں محض چند منٹ لگتے ہیں۔ GOV.UK پر رہنما ہدایات موجود ہوں گی، اور کوئی بھی شخص جسے اضافی معاونت کی ضرورت ہے وہ فون کے ذریعے HMRC کی ہیلپ لائن پر کال کرکے ٹیکس کی جانچ کا عمل مکمل کرسکے گا۔

جب آپ ٹیکس جانچ کا عمل مکمل کرلیں گے تو آپ کو ایک کوڈ موصول ہوگا۔ آپ نے یہ کوڈ لائسنس جاری کرنے والے ادارے کو فراہم کرنا ہوگا۔ لائسنس جاری کرنے والا ادارہ آپ کی طرف سے موصول ہونے والی لائسنس درخواست یا اس کی تجدید کی درخواست پر اس وقت تک عمل نہیں کرسکے گا جب تک کہ ٹیکس کی جانچ کا عمل مکمل نہیں ہوتا اور آپ کو کوڈ موصول نہیں ہوجاتا۔

آپ کو لائسنس جاری کرنے والا ادارہ HMRC کی طرف سے تصدیقی پیغام وصول کرے گا کہ آپ نے ٹیکس کی جانچ کا عمل مکمل کرلیا ہے، ادارے کو آپ کے ٹیکس معاملات کےحوالے سے معلومات تک کوئی رسائی حاصل نہیں ہوگی۔

آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

اگر آپ اپنے رجسٹرڈ کاروبار سے حاصل ہونے والی کمائی پر لاگو ٹیکس ادا کرنے کے لیے رجسٹرڈ نہیں ہیں تو برائے مہربانی GOV.UK پر جائیں اور دیکھیں کہ آیا آپ کو جلد از جلد رجسٹر ہونے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

- اگر آپ ایک ملازم ہیں تو PAYE سے متعلق معلومات www.gov.uk/income-tax/how-you-pay-income-tax پر حاصل کریں
- اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے تو سیلف اسسمنٹ (اپنی جانچ) کےلیے رجسٹر ہونے سے متعلق معلومات www.gov.uk/register-for-self-assessment پرحاصل کریں
- اگر آپ کمپنی چلاتے ہیں، تو کارپوریشن ٹیکس سے متعلق معلومات www.gov.uk/corporation-tax پر حاصل کریں

اگر آپ کو ٹیکس ادائیگی کے لیے رجسٹر ہونا چاہیئے تھا لیکن آپ نہیں ہوئے، تو HMRC فوری اور پیشہ ورانہ انداز میں آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے آپ کو درست سمت میں لائے گا۔ ٹیکس سے متعلق درستگی آپ کی ذمہ داری ہے، لیکن HMRC آپ کی مدد کے لیے موجود ہے۔

اگر آپ کو اضافی معاونت کی ضرورت ہے تو آپ HMRC سے مدد لے سکتے ہیں، مثال کے طور پر اگر آپ کو مختلف شکل میں معلومات درکار ہیں یا فارم پُر کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے۔ GOV.UK پر جائیں اور 'Get help from HMRC if you need extra support' (HMRC سے مدد حاصل کریں اگر آپ کو اضافی معاونت کی ضرورت ہے) سَرچ کریں۔

ٹیکس جانچ کے حوالے سے مزید رہنمائی GOV.UK پر دستیاب ہے:

www.gov.uk/guidance/changes-for-taxi-private-hire-or-scrap-metal-licence-applications-from-april-2022